بسم اللہ الرحمن الرحیم

عصر کی نماز کے بعد سجدۂ شکر کرنا کیسا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا نمازِ عصر کے بعد سجدہ شکر ادا کر سکتے ہیں؟

جواب

نماز عصر کے بعد سجدہ شکر ادا کرنا مکروہ تحریمی، ناجائز و گناہ ہے۔

علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ قنیہ کے حوالہ سے سجدہ شکر کے متعلق فرماتے ہیں: "یکرہ ان یسجد شکرا بعد الصلاۃ فی الوقت الذی یکرہ فیہ النفل ولا یکرہ فی غیرہ اھ۔" یعنی نماز کے بعد سجدہ شکر کرنا مکروہ ہے اس وقت میں جس میں نفل نماز پڑھنا مکروہ ہے اس کے علاوہ میں مکروہ نہیں۔ (ردالمحتار، ج02، ص38، مطبوعہ کوئٹہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا عابد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2479

تاریخ اجراء: 01 ربیع الآخر 1447ھ/25 ستمبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net